© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**امام ابو حنیفہؒ کی تابعیت** : مولانا محمد عبدالشہید نعمانی۔ناشر: الرحیم اکیڈمی 'اے ۷/۷' اعظم نگر' لیاقت آباد کراچی ۱۹۔ضخامت: صفحات ۱۲۵۔قیمت: ۲۰ روپے۔

ہمارے ہاں بعض دینی مسالک ایسے ہیں جو امام ابو حنیفہ کی تابعیت کا انکار کرتے ہیں۔زیر تبصرہ کتاب اسی تناظر میں لکھی گئی ہے۔مصنف محترم نے بڑی کاوش سے امام موصوف کی تابعیت ثابت کرنے کے لیے عمدہ مواد جمع کیا ہے۔اس موضوع سے متعلق امام ابو حنیفہؒ کا اپنا بیان بہت اہم ہے۔وہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ہمراہ ۹۶ھ میں حج کے لیے روانہ ہوا۔اس وقت میری عمر سولہ سال تھی۔مسجد حرام میں داخل ہوا تو کیا دیکھتا ہوں کچھ لوگ حلقہ بنا کر بیٹھے ہوئے ہیں۔میں نے اپنے والد محترم سے پوچھا کہ یہ لوگ اس طرح ایک طرف کیوں بیٹھے ہیں؟ انھوں نے فرمایا کہ یہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت عبداللہ بن الحارثؓ بیٹھتے ہیں اور حدیث کا درس دیتے ہیں۔چنانچہ میں بھی وہاں جا کر بیٹھ گیا۔اس وقت وہ حدیث بیان فرمارہے تھے:

کتاب مدلل ہے' حوالوں سے مرصع ہے اور اپنے موضوع پر ایک کامیاب کوشش ہے۔اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والے حضرات اسے مفید اور معلومات افزا پائیں گے۔معیار کتابت و طباعت اوسط درجے کا ہے۔احادیث کی کتابت زیادہ بہتر اور معیاری ہونی چاہیے تھی۔ (عاصم نعمانی)

**عظمت رازی** : محمد رضی الاسلام ندوی۔ملنے کا پتا: اعجاز پبلشنگ ہاؤس ۲۰۶۰' کوچہ چیلان دریا گنج' نئی دہلی۔۲۔صفحات: ۱۷۶۔قیمت: ۶۰ روپے۔

ابوبکر محمد بن زکریا رازی (م: ۹۳۲ھ) عہد اسلامی کی قاموسی شخصیت ہے۔اگرچہ اسے کیمیا' طبیعیات' ہندسے' منطق اور فلسفہ وغیرہ علوم میں بھی مہارت تامہ حاصل تھی' لیکن فن طب میں اس کی شہرت لازوال ہے۔رازی بغداد کے مرکزی ہسپتال کا طبیب اعلیٰ تھا۔اس نے تقریباً پچیس سال تک ہزاروں مریضوں کا علاج کیا اور اپنے بیش قیمت نتائج تحقیق' اہم تصانیف کی صورت میں مرتب کیے۔اس کی تصانیف میں "کتاب الحاوی"' "کتاب المنصوری" اور "کتاب المرشد" بہت اہم ہیں۔

© rasailojaraid.com